## متحدہ عرب امارات کی الزرونی گروپ آف کمپنیز کے سربراہ سہیل الزرونی کی

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## متحدہ عرب امارات اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات اور مختلف امور پر تبادلہ خیال

## جناب الطاف حسین کو متحدہ عرب امارات کے دورے کی دعوت

لندن۔۔۔28 مئی 2008ء

متحدہ عرب امارات کی الزرونی گروپ آف کمپنیز کے سربراہ سہیل الزرونی نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ملاقات میں متحدہ عرب امارات اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔سہیل الزرونی نے پاکستان میں جمہوریت کے استحکام کیلئے ایم کیوایم کے کردار، پولیٹیکل آئیڈلوجی اور منشور کو سراہا۔انہوں نے کراچی میں ایم کیوایم کی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے بڑے پیمانے پر کئے جانے والے ترقیاتی پروگراموں اور شہر کو دنیا کے ترقی یافتہ شہروں کی صف میں لانے کیلئے کی جانے والی کوششوں کی تعریف کی۔سہیل الزرونی نے جناب الطاف حسین کو متحدہ عرب امارات کے دورے کی بھی دعوت دی۔جناب الطاف حسین نے سہیل الزرونی کے خیالات کو سراہا اور متحدہ عرب امارات کے دورے کی دعوت کا شکریہ ادا کیا۔ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کی رکن محترمہ ارم فاروقی اور سید افراز مسعود شاہ بھی سہیل الزرونی کے ہمراہ تھے۔ملاقات کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، آصف صدیقی، محمد اشفاق، مصطفیٰ عزیز آبادی بھی موجود تھے۔

## رابطہ کمیٹی نے بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کو فوری طور پر تحلیل کردی، سات رکنی ایڈہاک کمیٹی قائم کردی گئی

کراچی۔۔28 مئی 2008ء

ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے اعلامیہ کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کو تحلیل کردیا ہے اور سات رکنی ایڈہاک کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔اعلامیہ کے مطابق ایڈہاک کمیٹی میں مندرجہ ذیل افراد شامل ہیں۔یوسف شاہوانی (انچارج) مجیب السلام رودینی (فنانس ممبر) کامران احمد راجپوت (فنانس ممبر) جاوید احمد سالانی (آفس سیکریٹری) انور خان عمرانی (ممبر) ثناءاللہ خان مرغزانی (ممبر) اور ممتاز علی عمرانی (ممبر) شامل ہیں

## مرکزی اہلحدیث جماعت سندھ کے نمائندہ وفد نے انور عالم کی عیادت کی

کراچی۔۔۔28رمئی 2008ء

مرکزی اہلحدیث جماعت سندھ کے تین رکنی وفد نے صوبائی صدر مولانا امیر عبداللہ فاروقی کی سربراہی میں کراچی کے مقامی اسپتال جاکر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انور عالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔مرکزی اہلحدیث جماعت کے وفد کے ارکان میں اہلحدیث کراچی ڈویژن کے صدر مولانا مرتضیٰ خان رحمانی، جنرل سیکریٹری کراچی علامہ افتخار مدنی اور اہلحدیث گلبرگ ٹاؤن کے صدر مولانا سردار سلیم کاکڑ بھی شامل تھے۔وفد کے ارکان کچھ دیر انور عالم کے ساتھ رہے اور انہوں نے انور عالم کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعائیں بھی کی۔اس موقع پر انور عالم نے وفد کے ارکان کا شکریہ ادا کیا۔واضح رہے کہ رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم چند روز قبل فالج کے اٹیک کے باعث شدید علیل ہوگئے تھے اوران دنوں کراچی کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## صوبے کی تیز رفتار ترقی کیلئے آئی ٹی کے ثمرات عوام تک منتقل کرنا نہایت ضروری ہے۔محمد رضا ہارون

## ای گورننس چیلنجز اینڈ فیوچر اسٹریٹجیز کانفرنس کا مقصد آئی ٹی ماہرین سے رائے طلب کرنا ہے

## ای گورننس کانفرنس میں آئی ٹی ماہرین کی شرکت۔

کراچی۔۔۔26 مئی 2008ء

صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی محمد رضا ہارون نے مقامی ہوٹل میں ای گورننس چیلنجز اینڈ فیوچر اسٹریٹجیز کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ای گورننس کے ثمرات صوبے کے عوام تک منتقل کرنا انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی ترجیحات میں شامل ہے۔اس موقع پر ملک کے ممتاز آئی ٹی ماہرین سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے ان کو دعوت دی کے وہ صوبے کی ترقی کیلئے اپنے خیالات ،اپنی تجاویز اور پروجیکٹ محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کو پیش کریں۔ کانفرنس میں ایڈیشنل سیکریٹری نیاز لغاری،ڈائریکٹر آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ محمد یوسف اور پروجیکٹ ڈائریکٹر ای گورنمنٹ سندھ سید محمد رضا نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر محمد رضا ہارون نے کانفرنس کے شرکاء کو انٹرنیٹ میڈیا سٹی کے بارے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی نے دوسوا یکڑ زمین حاصل کر لی ہے جس پر بین الاقوامی معیار کے حامل انفرااسٹرکچر اور سہولیات کو مہیا کیا جائے گا۔ایک اندازے کے مطابق انٹرنیٹ میڈیا سٹی ملک میں بین الاقوامی سرمایہ کاری اور مقامی طور پر روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے دہرے معیار تعلیم کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ طالب علم ،علم حاصل کرنے کیلئے اور بالخصوص آئی ٹی میں مہارت حاصل کرنے کیلئے انگریزی کو ترجیحی بنیاد پر سیکھنے پر توجہ دیں اس موقع پر انہوں نے تیز رفتار ترقی کیلئے سندھ میں آئی ٹی یونیورسٹی کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ان کی جماعت متحدہ قومی موومنٹ کے انتخابی منشور میں دہرے نظامِ تعلیم کے خاتمے کو اولیت دی گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو ترقی اور ملازمت کے وہ مواقع میسر نہیں آتے جو پرائیوٹ اسکولوں میں پڑھنے والے بچوں کو آتے ہیں۔اس کیلئے سرکاری اور پرائیوٹ اسکولوں میں یکساں نصاب بالخصوص آئی ٹی کی تعلیم رائج کی جانی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ وہ اس سلسلے میں صوبائی وزارت تعلیم سے مشاورت کے ذریعے یہ مسئلہ حل کرانے کی بھر پور کوشش کریں گے۔تقریب میں صوبائی سیکریٹری آئی ٹی محمد ذاکر نے بتایا کہ ای گورننس چیلنجز اینڈ فیوچر اسٹریٹجیز کی کانفرنس میں ماہرین کی رائے سے مستقبل کے آئی ٹی پروجیکٹس کو موثر ترین بنایا جائے گا جس کے ذریعے کم وسائل اور محدود فنڈز کے ذریعے بہتر سے بہتر انداز میں پروجیکٹس کو پائے تکمیل تک پہنچایا جائے گا اور ٹیکنالوجی کے میدان میں تیز رفتار ترقی کا حصول ممکن بنایا جائے گا۔کانفرنس کے موقع پر دس ارکان پر مشتمل پینل نے اپنی رائے اور تجاویز پیش کیں ،پینل کے شرکاء میں آئی ٹی کے ممتاز ماہرین محترمہ جہاں آراء پریذیڈنٹ پاشا،ڈاکٹر عاقل برنی چیئرمین کمپیوٹر سائنس جامعہ کراچی،ڈاکٹر ظہیر علی سید،ڈاکٹر سہیل منیر شعیب خان ، ناصر خان غازی کمال اتوال،اظہر رضوی،فرقان قریشی اور FIA NR3C کے ریجنل ہیڈ محمد علی خواجہ شامل تھے۔

## محمد علی،عبدالرحمٰن اور صلاح الدین انصاری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔28/مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے رکن غلام نبی کے والد محمد علی،ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن آصف کے والد عبدالرحمٰن اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے ارکن صلاح الدین انصاری کے والد علاؤالدین انصاری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## منگلاشرما، پنڈت شام لعل، رمیش اور راجندر پر مشتمل ہندو برادری کے وفد نے انور عالم کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔28رمئی 2008ء

محترمہ منگلاشرما، پنڈت شام لعل شرما، رمیش مانا اور راجندر جیوانی پر مشتمل ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے نمائندہ وفد نے منگل کے روز مقامی اسپتال جا کر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انور عالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔وفد کے ارکان کچھ دیر انور عالم کے پاس رہے اورانہوں نے انور عالم کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ہندو برادری کی جانب سے گلدستہ بھی پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## اے پی ایم ایس او جامعہ این ای ڈی اور اسٹوڈنیٹس افیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام محفل ذکر مصطفیؐ کا انعقاد

کراچی ۔۔۔28رمئی 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ این ای ڈی یونیورسٹی یونٹ اور اسٹوڈینٹس افیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام جامعہ این ای ڈی یونیورسٹی میں محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک کے مشہور و معروف علمائے کرام، اسکالرز اور نعت خواں حضرات کے علاوہ طلباء وطالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی مہمان خصوصی ڈین جامعہ این ای ڈی پروفیسر ڈاکٹر طلعت الطاف تھے جنہوں نے طلبہ وطالبات کی اس کاوش کو بھرپور طریقے سے سراہا یا اور اے پی ایم ایس او کی تعریف کی۔محفل ذکر مصطفیٰ ﷺ میں خطیب اہل بیت سید محمد عون نقوی، ممتاز مذہبی اسکالر پروفیسر ڈاکٹر محمود حسین صدیقی نے سیرت پاکؐ پر روشنی ڈالی جبکہ معروف نعت خواں محترمہ تابندہ لاری، غزالہ عارف، سیمی عزل، عدنان صدیقی، ندیم قادری، احمد رضا عطاری، احمد مختار اور دیگر نے بارگاہ رسالتؐ میں ہدیہ نعت پیش کیا اور نظامت کے فرائض پروفیسر ساجدہ سلیم نے انجام دیئے۔اس موقع پر عون محمد نقوی نے نوجوان طلبہ وطالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا نوجوان سیرت مصطفیؐ کو زندگیوں پر لاگو کریں، ڈاکٹر محمود حسین صدیقی نے کہا کہ ایمان کی سند محبت رسولؐ میں مضمر ہے اور ہمیں ایمان کی بقاء کیلئے سیرت نبیؐ پر عمل کرنا چاہیے۔محفل ذکر مصطفیؐ کے اختتام پر طلبہ وطالبات میں مٹھائی تقسیم کی گئی اس موقع پر استقبالیہ پر دعوت اسلامی کی جانب سے دینی کتب کا اسٹال لگایا گیا اور طلبہ وطالبات میں اسلامی تعلیمات اور دینی بیانات پر مبنی سی ڈیز مفت تقسیم کی گئیں۔

☆☆☆☆☆